★ حق کی آواز، عوامی ترجمان ★

E PAPER DAILY VOICE OF ASIA LAHORE

چیف ایڈیٹر
ڈیشان جمیل بھٹی

بانی: محمد جمیل بھٹی (مرحوم)

چیف ایگزیکٹو: محمد طفیل ٹیپو

روزنامہ

وائس آف ایشیا

ڈپٹی ایڈیٹر
تجمل عباس بھٹی

ڈپٹی نیوز ایڈیٹر
ارشاد احمد شاد

جلد نمبر 01 | جمعرات 29 اکتوبر 2026ء 15 کاتک، 17 جمادی الاول 1448ھ | صفحات 4 قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 232

ترقی کیلئے زرعی شعبے کو جدید خطوط پر استوار کرنا ناگزیر ہے، وزیراعظم

علی بابا سے زرعی شعبے میں آٹومیشن کے حوالے سے تعاون خوش آئند ہے، علی بابا کے تعاون سے کینسر کی پیشگی تشخیص کے نظام کا اطلاق بھی جلد یقینی بنایا جائے، شہباز شریف

اجلاس میں ایف بی آر اور پریرال کے لیے جدید ڈیٹا پلیٹ فارم اور سینٹرل ڈیٹا ہب کی تیاری اور صحت کے شعبے میں اے آئی کی مدد سے کینسر کی تشخیص کے مجوزہ پائلٹ منصوبے پر پیش رفت کا جائزہ لیا گیا

اسلام آباد (وائس آف ایشیا) وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ کل ترقی کے لیے زرعی شعبے کو جدید خطوط پر استوار کرنا ناگزیر ہے اور علی بابا سے زرعی شعبے میں آٹومیشن کے حوالے سے تعاون خوش آئند ہے، علی بابا کے تعاون سے کینسر کی پیشگی تشخیص کے لیے ممکنہ اطلاق بھی جلد یقینی بنایا جائے۔ وزیر اعظم شہباز شریف کی زیر صدارت معیشت اور گورننس میں مصنوعی ذہانت (AI)، ڈیجیٹل ٹیرزم اور اس حوالے سے علی بابا کے تعاون کے حوالے سے اعلیٰ سطحی اجلاس ہوا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ زراعت کے شعبے میں کی پیش رفت پر جائزہ اجلاس ہوا۔ اجلاس کو حکومت پاکستان اور علی بابا گروپ کے درمیان اسٹریٹجک تعاون کے تحت مختلف شعبوں میں جاری فیز میں پیش رفت پر بریفنگ دی گئی۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ زراعت کے شعبے میں مصنوعی ذہانت کی ترقیق اینڈ ٹریس ایبلٹی سسٹم کو مکمل کرنے کے لیے ڈیجیٹل پلیٹ فارم پر کام جاری ہے، مزید آل علی بابا پر پاکستانی مصنوعات کی برآمدات کیلئے خصوصی ویب سائٹ پر خصوصی پاکستان پویلین قائم کر دیا گیا ہے۔ پاکستان سٹک وڈو کے ذریعے تجارتی دستاویزات کی ڈیجیٹل تصدیق کا نظام فعال کر دیا گیا ہے، جبکہ ایس ایم

باقی صفحہ 3 بقیہ 18



وزیر اعظم شہباز شریف کی زیر صدارت معیشت اور گورننس میں مصنوعی ذہانت (AI)، ڈیجیٹل ٹیرزم اور اس حوالے سے علی بابا کے ساتھ تعاون کی پیش رفت پر اجلاس ہوا

پولیس ملازمین، اہل خانہ کے مسائل کا خاتمہ اولین ترجیحات میں شامل ہے، آئی جی پنجاب

سنٹرل پولیس آفس: آئی جی پنجاب عبدالکریم سے پولیس ملازمین اور ایلائنڈ کی ملاقات، مسائل کے حل کیلئے فوری احکامات جاری، شہید اے ایس آئی شوکت علی کی اہلیہ کی پلاٹ سے متعلق درخواست پر آئی جی پنجاب نے ڈی آئی جی ویلفیئر اینڈ فنانس کو ہدایات جاری کیں

غازی کانسٹیبل طاہر محمود کی قانونی کارروائی سے متعلق درخواست پر ڈی پی او ننکانہ صاحب کو ضروری کارروائی کی ہدایت کی گئی عبدالکریم نے ڈیجیٹل، ایڈمن، پروموشن اور ویلفیئر سے متعلق دیگر درخواستوں پر بھی احکامات جاری کیے

لاہور (سٹاف رپورٹر سے) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب عبدالکریم نے پولیس ملازمین اور ان کے اہلخانہ سے متعلق پولیس آفس میں ملاقات کی۔ آئی جی پنجاب نے پولیس ملازمین اور ان کے اہلخانہ کے مسائل سنے اور فوری ریلیف کیلئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے۔ تفصیلات کے مطابق، شہید اے ایس آئی شوکت علی کی اہلیہ کی پلاٹ سے متعلق درخواست پر آئی جی پنجاب نے ڈی آئی جی ویلفیئر اینڈ فنانس کو ہدایات جاری کیں۔

باقی صفحہ 3 بقیہ 19

ایران، سعودی عرب، پاکستان اور ترکیہ کا اجلاس علاقائی امن کے لیے اہم موقع ہے، عباس عراقچی

ایرانی وزیر خارجہ کے مطابق ٹھٹے میں پائیدار امن اور سلامتی کے لیے صرف مذاکرات کافی نہیں ہیں

تہران (وائس آف ایشیا) ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ تہران میں ایران، سعودی عرب، پاکستان اور ترکیہ کے وزرائے خارجہ کا ہونے والا چار فریقی اجلاس علاقائی امن کے لیے ایک اہم موقع ہے۔

باقی صفحہ 3 بقیہ 17

پنجاب میں بلدیاتی انتخابات کا معاملہ ایک بار پھر الیکشن کمیشن اور صوبائی حکومت کے درمیان ٹکراؤ کی کیفیت

انتخابات کا مقررہ وقت پر انعقاد مشکوک، حکومت کی طرف سے سرد موسم، سموگ، ماہ صیام و عید الفطر کے عذر پیش

حکومتی عدم دلچسپی کی وجہ مقامی سطح پر سیاسی نقصان کا خوف، اختیارات اور ترقیاتی فنڈز میں کٹوتیاں ہیں، میہرین

لاہور (ثمائندہ خصوصی) پنجاب میں مرحلہ وار بلدیاتی انتخابات کا معاملہ ایک بار پھر الیکشن کمیشن اور صوبائی حکومت کے درمیان ٹکراؤ کی کیفیت پیدا ہو گئی ہے جس کے باعث انتخابات مقررہ وقت پر ہونے کے حوالے سے شدید شکوک و شبہات کے بادل منڈلانے لگے ہیں۔ صوبائی حکومت سے سرد موسم، سموگ اور ماہ صیام و عید الفطر کے عذر پیش کر کے انتخابات کو کم از کم تین ماہ کے لیے ملتوی کرنے کا واضح اشارہ دے چکی ہے جبکہ الیکشن کمیشن نے بھی اپنے مؤقف سے پیچھے ہٹنے سے انکار کر دیا ہے۔ الیکشن کمیشن کا موقف ہے کہ انتخابات کے لیے ضروری تمام تر قانون کی روح کے مطابق ہے لہذا فوری طور پر انتخابی شیڈول کا اجراء کا جائے تاہم حکومت کی جانب سے تعاون نہ کرنے کی روش برقرار ہے۔ انتخابی التوا کے بادل بدستور منڈلا رہے ہیں۔ الیکشن کمیشن نے تمام 6,637 یونین کونسلوں کے نئے ناموں کی منظوری دینے اور انتخابی حلقہ جات کو حتمی شکل دینے کا واضح اشارہ دیا ہے۔ جبکہ سیاسی حلقوں میں یہ تاثر عام ہے کہ پنجاب میں مقامی حکومت کے ادارے تحلیل ہونے کے بعد ان کے ترقیاتی فنڈز اور اختیارات میں کٹوتی کے خدشات کے پیش نظر حکومت انتخابات کو ملتوی کرنے کی خواہاں ہے۔ جبکہ الیکشن کمیشن کا مؤقف ہے کہ آئین کے تحت انتخابات کا انعقاد یقینی بنانا الیکشن کمیشن کی ذمہ داری ہے اور کسی کو بھی آئین کی خلاف ورزی کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔ الیکشن کمیشن کا کہنا ہے کہ انتخابات کے لیے تمام تر قانونی تقاضے پورے کرنے کے باوجود حکومت کی جانب سے عدم تعاون کا رویہ افسوسناک ہے۔ الیکشن کمیشن کا کہنا ہے کہ انتخابات کے لیے تمام تر قانونی تقاضے پورے کرنے کے باوجود حکومت کی جانب سے عدم تعاون کا رویہ افسوسناک ہے۔ الیکشن کمیشن کا کہنا ہے کہ انتخابات کے لیے تمام تر قانونی تقاضے پورے کرنے کے باوجود حکومت کی جانب سے عدم تعاون کا رویہ افسوسناک ہے۔

باقی صفحہ 3 بقیہ 16

جسٹس محسن اختر کیانی ضمیر کی آواز پر مستعفی

26 ویں، 27 ویں آئینی ترامیم نے ہائیکورٹس کی آزادی اور خودمختاری کو متاثر کیا

لاہور (کرائم رپورٹر) ہائی کورٹ کے جسٹس محسن اختر کیانی مستعفی ہو گئے۔ رپورٹ کے مطابق جسٹس محسن اختر کیانی نے انتظامی صدر پاکستان کو لکھا ہے۔ جسٹس محسن اختر کیانی اسلام آباد ہائیکورٹ کے چیف جسٹس رہ چکے ہیں۔ جسٹس محسن اختر کیانی اسلام باد ہائیکورٹ میں سینیارٹی لسٹ میں

باقی صفحہ 3 بقیہ 15

اسلام آباد ماڈل جیل تیار، جلد تمام قیدیوں کو وہاں منتقل کر دیں گے، محسن نقوی

کیا عمران خان کو بھی نئی جیل میں منتقل کیا جائے گا؟ صحافی ، اسلام آباد کے سب قیدیوں کو منتقل کیا جائیگا: وزیر داخلہ

کشمیر چوک انڈر پاس پراجیکٹ کا دورہ، کام اسی رفتار سے جاری رہا تو منصوبہ 30 روز سے بھی کم عرصے میں مکمل ہو سکتا: نقشہ

اسلام آباد (وائس آف ایشیا) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ اسلام آباد میں بنائی گئی نئی جیل میں جو بھی قیدی ہیں، انہیں منتقل کریں گے، جن چار، چار، چھ، چھ بیرکوں میں اس وقت 12، 12 قیدی ہیں، ان میں بیرکوں کے اندر ہی 2، 2 قیدی رکھیں گے۔ صحافی کے جیلوں میں منتقلی کے سوال پر انہوں نے کہا کہ کرسکتا ہے، بادل نخواستہ کہہ رہے ہیں تو اسے ہر طرح سے ہتک کا سامنا کرنا پڑے گا، ایک اسے ہر طرح سے ہتک کا سامنا کرنا پڑے گا، ایک اور صحافی نے پالتھیوں والی پی ٹی آئی حکومت کا نام لے کر سوال کیا کہ کیا عمران خان کو بھی اسی جیل میں رکھیں گے؟ اس پر محسن نقوی نے کہا کہ اسلام آباد کی جو بھی جیل ہے، اس میں سب کو رکھیں گے، جیسی جیل ہوگی، ویسی ہی سہولت ملے گی، کسی کو اختیار نہیں ہے، کسی کو اختیار نہیں ہوگا کہ اسے آپ کو دیا جائے گا، صحافی نے سوال کیا کہ کیا عمران خان بھی اسی جیل میں منتقل ہوں گے؟ اس پر محسن نقوی نے کہا کہ اسلام آباد کی جو بھی جیل ہے، اس میں سب کو رکھیں گے، جیسی جیل ہوگی، ویسی ہی سہولت ملے گی، انہوں نے کہا کہ اسلام آباد میں نئی جیل تیار ہو گئی ہے، نئی جیل میں ہر بیرک بہترین ہے، ہوا، روشنی ہوگی، وزیر اعظم چند دن میں اس جیل کا افتتاح کریں گے، جیسی جیل ہوگی، ویسی ہی سہولت ملے گی، صحافی نے کہا کہ کیا عمران خان بھی اسی جیل میں منتقل ہوں گے؟ اس پر محسن

باقی صفحہ 3 بقیہ 9

علی امین نے کوئی الگ گروپ نہیں بنایا، اجلاس میں جو ہوا وہ ہمارا اندرونی معاملہ ہے، شوکت یوسفزئی

پارٹی تین سال میں عمران خان کو کوئی ریلیف نہیں دلا سکی، پارٹی کو اپنی سمت مکمل پراز جائزہ لینا ہوگا

پشاور (ثمائندہ خصوصی) پاکستان تحریک انصاف کے سینئر رہنما شوکت یوسفزئی نے علی امین گنڈاپور کے الگ گروپ بنانے کے معاملے پر اہم بیان دیدیا ہے۔ میڈیا سے انکشاف میں شوکت یوسفزئی نے کہا کہ پارٹی سینئر فورمز کی قیادت میں متحد ہے اور علی امین گنڈاپور نے کوئی الگ گروپ نہیں بنایا، پارلیمانی

باقی صفحہ 3 بقیہ 10

بلوچستان؛ سیکیورٹی فورسز کی کارروائیوں میں فتنہ الہندوستان کے 9 دہشتگرد ہلاک

ضلع کچھی میں کارروائی کے دوران سیکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے ایک ٹھکانے کو تباہ کر دیا

علاقے میں موجود دیگر کالعدم دہشت گردوں کی تلاش اور خاتمے کے لیے کلیئرنس آپریشنز جاری ہیں، ترجمان پاک فوج

کوئٹہ (ثمائندہ خصوصی) بلوچستان کے اضلاع کچھی اور وڈھ میں سیکیورٹی فورسز نے انٹیلی جنس معلومات کی بنیاد پر 2 کارروائیاں کرتے ہوئے 9 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق پہلا آپریشن ضلع کچھی کے ایک علاقے میں کیا گیا جس میں بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنہ الہندوستان سے تعلق رکھنے والے دہشت گردوں کو نشانہ بنایا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ضلع کچھی میں کارروائی کے دوران سیکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے ایک ٹھکانے کو تباہ کر دیا، کالعدم تنظیم فتنہ الہندوستان سے تعلق رکھنے والے دہشت گردوں کو نشانہ بنایا گیا، جس میں بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنہ الہندوستان سے تعلق رکھنے والے دہشت گردوں کو نشانہ بنایا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ضلع کچھی میں کارروائی کے دوران سیکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے ایک ٹھکانے کو تباہ کر دیا، کالعدم تنظی

ستاروں کی دنیا

خواجہ خورشید ، دلدار پرویز بھٹی ،قربان جیلانی کی برسی (کل)منائی جائے گی

پرستاروں کی جانب سے نامور فنکاروں کی فنی خدمات کو خراج عقیدت پیش کیا جائیگا

لاہور(دا نیوز آف ایشیا)پاکستان کے نامور موسیقار خواجہ خورشید انور، معروف ماہر تعلیم، دانشور اور ٹی وی میزبان دلدار پرویز بھٹی اور سینئر اداکار قربان جیلانی کی برسی کل (ہفتہ) 30 اکتوبر کو منائی جائے گی۔ تینوں شخصیات نے اپنے اپنے شعبوں میں نمایاں خدمات انجام دیں اور ان کی فنی خدمات کو آج بھی قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔نامور موسیقار خواجہ خورشید انور کی 42ویں برسی 30اکتوبر 1984 کو انتقال کرگئے تھے۔ خواجہ خورشید انور ہمہ جہت موسیقی کی پہچان کا ایک اہم نام تھے۔ انہوں نے اپنی تخلیقی صلاحیتوں اور منفرد طرز موسیقی کے ذریعے فلمی و موسیقی کو نئی جہتیں عطا کیں۔ ان کی ترتیب دی گئی دھنیں آج بھی موسیقی کے شائقین میں مقبول ہیں اور ان کا شمار برصغیر کے ممتاز موسیقاروں میں ہوتا ہے۔معروف ماہر تعلیم، دانشور اور ٹی وی شو کے میزبان دلدار پرویز بھٹی کی 32ویں برسی بھی 30اکتوبر کو منائی جائے گی۔ وہ 30اکتوبر 1994 کو انتقال کرگئے تھے۔ دلدار پرویز بھٹی اپنی حاضر جوابی، بذلہ سنجی، قلندرانہ مگر منفرد انداز میزبانی کے باعث خاص شہرت رکھتے تھے۔ انہوں نے ٹی وی ویژن پر اپنے پروگراموں کے ذریعے بطور ٹی وی میزبان جو اپنے پروگرام کرنے کے ساتھ ساتھ بھی اور ادبی موضوعات کو بھی اجاگر کیا۔ ان کا انداز گفتگو اور عوامی مقبولیت انہیں اپنے دور کی نمایاں ٹی وی شخصیات میں شامل کرتی ہے۔ معروف اداکار قربان جیلانی کی 30ویں برسی 30اکتوبر کو منائی جائے گی۔ وہ 30اکتوبر 1996 کو انتقال کرگئے تھے۔ قربان جیلانی نے اداکاری کے شعبے میں اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا اور مختلف کرداروں کے ذریعے شائقین کے دلوں میں جگہ بنائی۔ ان کی فنی خدمات پاکستان کی ڈرامائی اور فنکارانہ تاریخ کا حصہ ہیں۔ان تینوں شخصیات کی برسی کے موقع پر ان کی خدمات کو یاد کرتے ہوئے ان کے پرستاروں کی جانب سے انہیں شاندار عقیدت پیش کیا جائیگا۔





دبئی کے عالمی فیشن ریمپ پر پاکستانی روایتی ملبوسات کے رنگ نمایاں

فیشن شو میں پاکستانی ڈیزائنرز کی جانب سے مشرقی روایات اور جدید فیشن کے امتزاج پر مبنی ملبوسات متعارف کروائے گئے



دبئی(دا نیوز آف ایشیا)دبئی میں منعقدہ انٹرنیشنل فیشن ویک اینڈ میں پاکستانی فیشن ڈیزائنرز نے روایتی اور جدید ملبوسات پیش کر کے پاکستان کی ثقافتی شناخت اور تخلیقی صلاحیتوں کو عالمی سطح پر اجاگر کیا۔مختلف ممالک کے ڈیزائنرز کی شرکت سے منعقد ہونے والے فیشن شو میں پاکستانی شلوار قمیض، روایتی لباس اور جدید طرز کے ڈیزائنر بھی ریمپ پر پیش کیے گئے۔فیشن شو میں پاکستانی ڈیزائنرز کی جانب سے مشرقی روایات اور جدید تقاضوں کا امتزاج پیش کیا گیا۔ ڈیزائنرز نے اپنی پیش کاری سے یہ ثابت کیا کہ پاکستانی فیشن انڈسٹری عالمی معیار کے مطابق ہنر اور تخلیقی صلاحیت رکھتی ہے۔ان کا کہنا تھا کہ پاکستان کی ثقافت اور روایات کو عالمی سطح پر متعارف کروانا ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستانی ڈیزائنرز میں تخلیقی صلاحیتوں کی کمی نہیں، ضرورت اس بات کی ہے کہ انہیں بین الاقوامی پلیٹ فارم پر اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کرنے کا زیادہ سے زیادہ موقع فراہم کیا جائے۔دبئی میں پاکستانی فیشن ڈیزائنرز کی شرکت ثقافتی تبادلے اور پاکستان کی فیشن انڈسٹری کے بین الاقوامی روابط کو فروغ دینے کی ایک کوشش ہے۔اس طرح کی فرمائشیں پاکستانی روایتی ملبوسات کو عالمی فیشن کے رجحانات سے روشناس کرانے میں اہم کردار ادا کر سکتی ہیں۔

ادا کارہ شاہ جلد نئے ٹی وی پراجیکٹ میں نظر آئینگی

پرستاروں کی محبت کی مقروض ہوں، جلد پاکستان واپس آؤں گی، اداکارہ

لاہور(دا نیوز آف ایشیا)نامور اداکارہ شاہ نے کہا ہے کہ بہت جلد اپنے پرستاروں کو ایک نئے ٹی وی پراجیکٹ میں نظر آؤں گی جس کے لیے انہوں نے کام کرنے کی حامی بھر لی ہے۔لندن سے "این این آئی" سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے شاہ نے کہا کہ انہیں ڈرامہوں میں مرکزی کرداروں کی پیشکش کی جا رہی تھی تاہم وہ پہلے معذرت کرتی رہی ہیں اب انہیں ایک ایسے پراجیکٹ کا حصہ بننے پراکسایا گیا ہوں جس کا موضوع مجھے اپنی شخصیت کے قریب لگا ہے ۔ اس پراجیکٹ کی ریکارڈنگ کا سلسلہ بہت جلد شروع ہو جائے گا۔انہوں نے کہا کہ وہ اپنے پرستاروں کی محبت کی مقروض ہیں جو سوشل میڈیا کے ذریعے مسلسل ان سے رابطے میں رہتے ہیں اور اپنی محبت کا اظہار کرتے ہیں۔شاہ نے مزید کہا کہ میں جلد از جلد پاکستان واپس آنا چاہتی ہیں تاکہ وطن واپسی کے بعد نئے پراجیکٹ کا حصہ بن سکوں۔



فلمی ہیرو تھا، اب عوامی ہیرو بن گیا ہوں، کامیابی کا کریڈٹ دوستوں اور اہلیہ کو دیتا ہوں: ببرک شاہ

مسلسل کامیابیاں ہی میرا مقصد ہیں، ببرک شاہ کی گفتگو


لاہور(دا نیوز آف ایشیا)کلاسی شو تماشہ سیزن فائیو کے فاتح ببرک شاہ کی مقبولیت میں اضافہ ہو گیا ہے جبکہ مختلف ٹی وی شوز میں ان کی طلب بڑھ گئی ہے۔اس کے علاوہ انہیں مختلف برانڈز کے ساتھ بھی کام کرنے کا موقع مل رہا ہے۔حصولیات کے مطابق فی ٹی وی کے نظر آنے والے ببرک شاہ نے اپنی کامیابی کا کریڈٹ اپنی اہلیہ اور دوستوں کو دیتے ہوئے کہا کہ اس سب کی محبت، تعاون اور حوصلہ افزائی کے بغیر میں اس مقام تک پہنچنے میں اہم کردار ادا کیا۔



زندگی کی پہلی کمائی 10روپے کا چیک تھا، کیش کرانے اسٹیٹ بینک چلا گیا تھا، فردوس جمال

زندگی پر کتاب لکھنے کے لیے تیار ہوں، لیکن خود نہیں لکھ سکتا کسی کو اپنی کہانی ڈکٹیٹ کراؤں گا، سینئر اداکارہ

لاہور(دا نیوز آف ایشیا)سینئر اداکار فردوس جمال نے کہا ہے کہ وہ خود کبھی اپنی زندگی پر کتاب نہیں لکھنا چاہتے لیکن بعض اوقات دانستہ طور پر انتہائی متنازعہ بات کو سکینڈل کی شکل دیدی جاتی ہے،فنکار پبلسٹی ہوتا ہے اسے بتانا نہیں چاہتا سکتا۔اپنی زندگی کے مختلف واقعات کا ذکر کرتے ہوئے فردوس جمال نے بتایا کہ انہیں پہلی کمائی پر اور ریڈیو پر سے 10روپے کا چیک ملا تھا جسے کیش کروانے کے لیے وہ اسٹیٹ بینک چلا گیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ اردو، سندھی اور پنجابی زبانیں سیکھی جبکہ پشتو انہیں پہلے ہی آتی تھی۔فردوس جمال نے کہا کہ وہ خود کو لکھنے کے معاملے میں زیادہ ماہر نہیں سمجھتے اور اپنی زندگی کے بارے میں وہ تین جلدوں سے زیادہ نہیں لکھ سکتے تاہم، وہ اپنی زندگی کے تجربات اور باتوں کو کتابی شکل میں محفوظ کروانے کے خواہشمند ہیں۔وہ کسی شخص کو اپنی زندگی کی کہانی لکھنے کے لیے نہیں کہیں گے، تاکہ ان کی زندگی کے تجربات اور یادیں تحریری صورت میں محفوظ ہو سکیں۔



گلوکارہ حمیرا ارشد 29، 30اکتوبر اور 5نومبر کو سعودی عرب میں پرفارم کریں گی

دمام، جدہ اور ریاض میں موسیقی کی محافل سجیں گی، سجاد حیدر اور ڈیشن روکھڑی سمیت دیگر بھی فن کا مظاہرہ کرینگے

لاہور(دا نیوز آف ایشیا)معروف گلوکارہ حمیرا ارشد 29اور 30اکتوبر جبکہ 5نومبر کو سعودی عرب میں منعقد ہونے والے موسیقی کے پروگراموں میں پرفارم کریں گی۔دمام، جدہ اور ریاض میں منعقد ہونے والے پروگراموں میں پاکستان سمیت دیگر ممالک کے گلوکار بھی اپنے فن کا مظاہرہ کریں گے۔حمیرا ارشد کے ہمراہ پاکستان کے گلوکار سجاد حیدر اور ڈیشن روکھڑی بھی ان پروگراموں میں شرکت کریں گے جبکہ مختلف ممالک سے تعلق رکھنے والے دیگر گلوکار بھی اپنے فن کا مظاہرہ کریں گے۔ان پروگراموں کے ذریعے بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کو اپنے پسندیدہ فنکاروں کو براہ راست سننے کا موقع ملے گا۔



لاہور میں بچوں کی گائیکی نے ناروبجین موسیقار کو جھومنے پر مجبور کردیا

ایم کیموگرے نے اس ویڈیو کو اپنے انسٹاگرام اکاؤنٹ پر پوسٹ کیا تو دیکھتے ہی دیکھتے ویڈیو وائرل ہوگئی

لاہور(دا نیوز آف ایشیا)لاہور کی سرتال میوزک اکیڈمی کے بچوں نے ناروے کے موسیقار ولیم کیموگرے کو بھی جھومنے پر مجبور کردیا، بچوں نے ایسا سر لگائے کہ ناروجین موسیقار بھی داد دیے بغیر نہ رہ سکے اور ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی۔ولیم کیموگرے نے اس ویڈیو کو اپنے انسٹاگرام اکاؤنٹ پر پوسٹ کیا تو دیکھتے ہی دیکھتے ویڈیو وائرل ہوئی اور اب تک 2کروڑ دو ہزار سے زائد 8 کروڑ کے قریب افراد دیکھ چکے ہیں اور 90لاکھ سے زائد افراد اسے لائیک کرچکے ہیں۔اس ویڈیو کو سوشل میڈیا کے دیگر پلیٹ فارمز پر بھی بڑے پیمانے پر شیئر کیا جارہا ہے اور صارفین ان پر تبصرے کر رہے ہیں، صارفین بچوں کی گائیکی کو سراہتے ہوئے ان کے اساتذہ کی بھی تعریف کر رہے ہیں۔رعنا فیروز ٹھٹھائی ادارے سے منگلو میوزک اکیڈمی کے بانی عبدالقیوم کا کہنا تھا کہ یہ ویڈیو گزشتہ ہفتے ریکارڈ کی گئی تھی، اس سے قبل بھی ہماری اکیڈمی کے بچوں کی ایک ویڈیو وائرل ہوئی تھی جب بچوں نے پی ایس ایل کی ایک تقریب میں پاکستان کا قومی ترانہ گایا تھا،خیال رہے کہ ولیم کیموگرے ناروجین بینڈ ایلف بیک کے رکن ہیں، گوگل سائل کی بنیاد پاکستانی نژاد بھائیوں سلیمان ملک اور بلال ملک نے اپنے ناروجین نژاد ساتھی دوست ناصر سری خان کے ساتھ مل کر 2006میں رکھی تھی، یہ بینڈ پاکستان سمیت بھارت میں بھی مقبول ہے۔ 2022میں سلیمان ملک کی شادی پر ان کے تمام دوستوں نے پاکستانی دن منایا تھا جس کی ویڈیو بھی وائرل ہوئی تھی۔





کھیل کھلاڑی

ترکیہ سپرلیگ، میچ کے بعد کھلاڑیوں کے درمیان شدید ہاتھا پائی

انٹرکانٹینٹل ڈربی میں 2-1 سے شکست کے بعد فینر باہچے کے کھلاڑی غصے میں آگئے اور صورتحال قابو سے باہر ہوگئی

استنبول(دا نیوز آف ایشیا) ترکیہ کی سپر لیگ میں گالاتاسرائے اور اس کی حریف ٹیم فینر باہچے کے درمیان ہونے والے انٹرکانٹینٹل ڈربی میچ کے بعد شائقین کے درمیان شدید ہاتھا پائی ہوئی۔انٹرکانٹینٹل ڈربی میں 2-1 سے شکست کے بعد فینر باہچے کے کھلاڑی غصے میں آگئے جس کے باعث صورتحال قابو سے باہر ہوگئی اور کھلے کے ارکان کو معاملہ سنبھالنے کے لیے میدان میں آنا پڑا۔تاہم کے اختتام پر فینر باہچے کے کھلاڑی کریم آکتورلولو اور مخالف کھلاڑیوں کے درمیان تلخ کلامی ہے بعد گالاتاسرائے کے کپتان عبدالکریم بردی کی جانب سے اپنے ساتھی کھلاڑیوں کو جھگڑے سے دور لے جانے کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی۔اس دوران آکتورلولو کو فوری طور پر پیچھے ہٹایا گیا جبکہ مڈفیلڈر ماتیو کیتوڈزی اور زمین پر گرا دیا گیا۔



گالاتاسرائے کے ایک کھلاڑی کے درمیان بھی ہوئی۔صورتحال اس وقت مزید خراب ہوگئی جب متعدد کھلاڑی اور اسٹیڈیم کی سیکیورٹی بھی موقع پر پہنچ گئی۔ اسی دوران ایک اور تصویر میں ایک انٹکشن فائٹر آرمی برانڈن نے حریف کپتان برڈنی کی گردن کو بازوؤں میں جکڑ لیا۔ بعدازاں انہیں سمجھا کر ٹھنڈا کیا گیا۔

پاکستان ٹیم عباس آفریدی کی قیادت میں ہانگ کانگ سکسز کیلئے روانہ

یہ 3 روزہ ٹورنامنٹ 30 اکتوبر سے کیم نومبر تک کھیلا جائے گا جس میں 12 ٹیمیں شرکت کریں گی

لاہور(دا نیوز آف ایشیا) ہانگ کانگ سکسز کرکٹ ٹورنامنٹ کے لیے پاکستان کرکٹ ٹیم عباس آفریدی کی قیادت میں روانہ ہوگئی۔ واضح رہے کہ یہ 3 روزہ ٹورنامنٹ 30 اکتوبر سے یکم نومبر تک کھیلا جائے گا جس میں 12 ٹیمیں شرکت کریں گی۔ٹورنامنٹ میں شریک ٹیموں کو 4 گروپس میں تقسیم کیا گیا ہے، پاکستان کو گروپ سی میں شامل کیا گیا ہے جس میں اس کا مقابلہ 30 اکتوبر کو حتمدہ عرب امارات اور بھارت سے ہوگا۔پاکستانی سکواڈ میں کپتان عباس آفریدی، عبدالصمد، احمد دانیال، محمد عرفان خان، خواجہ ناظل، محمد شہزاد اور سعد مسعود شامل ہیں۔یاد رہے کہ گزشتہ سال ہانگ کانگ سکسز میں پاکستان ٹیم نے کامیابی حاصل کی تھی۔




کینیڈا کپ اسکواش کے کوارٹر فائنل میں نور زمان کو شکست

نور زمان کو تھرڈ سیڈ مصر کے محمد الشوربگی نے 3-1 سے ہرایا

اوٹاوا(دا نیوز آف ایشیا)کینیڈا کپ اسکواش ٹورنامنٹ کے کوارٹر فائنل میں پاکستان کے نور زمان کو شکست ہوگئی۔ایونٹ کے کوارٹر فائنل میں نور زمان کو تھرڈ سیڈ مصر کے محمد الشوربگی نے 3-1 سے ہرایا۔دونوں کھلاڑیوں کے درمیان کھیلے گئے مقابلہ 67 منٹ تک جاری رہا۔ایونٹ میں پاکستان کے دوسرے پلیئر مطیب عرفان بھی کوارٹر فائنل میں کھیلے گے۔

پریمئر سپر لیگ ایڈیشن 10میں مزید 2میچز کا فیصلہ آدم جی انشورنس اور پیکیجز نے اپنے اپنے میچ جیت لئے



لاہور(دا نیوز آف ایشیا)پریمئر سپر لیگ ایڈیشن 10میں مزید 2میچز کا فیصلہ ہوگیا۔آدم جی انشورنس اور پیکیجز نے اپنے اپنے میچ جیت لئے۔ پہلے میچ میں پیکیجز نے سروس انڈسٹریز کو ہرا دیا۔ پہلے کھیلتے ہوئے سروسز انڈسٹریز نے 5وکٹوں کے نقصان پر 150رنز بنائے جبکہ 7 کھلاڑیوں نے قطعہ دو ہندسی اعداد حاصل کیے۔ جواب میں پیکیجز نے صرف 5وکٹوں کے نقصان پر 151رنز بنا کر میچ جیت لیا۔ دوسرے میچ میں آدم جی انشورنس نے اولڈ راولپنڈی کو 5رنز سے شکست دی۔ پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے آدم جی انشورنس کی ٹیم نے 140 رنز کا ہدف مقرر کیا۔ اولڈ راولپنڈی کی ٹیم 6وکٹوں کے نقصان پر 135رنز بنا سکی۔

پی سی بی اور نجی بینک کے درمیان اسکولز ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام کے لیے معاہدہ

نجی بینک "اسکولز ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام" کے لیے اسپانسر شپ کی مد میں مجموعی طور پر 10 کروڑ روپے فراہم کرے گا

لاہور(دا نیوز آف ایشیا) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) اور نجی بینک کے درمیان اسکولز ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام کے لیے معاہدہ ہوا ہے۔کرکٹ کو اسکولز کی سطح پر فروغ دینے کے لیے پاکستان کرکٹ بورڈ اور نجی بینک کے درمیان "اسکولز ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام" معاہدہ ہوا ہے۔ قومی اسٹیڈیم میں منعقدہ تقریب میں معاہدے پر دستخط کیے گئے۔تقریب میں پاکستان کرکٹ بورڈ کی جانب سے چیف کمرشل اینڈ مارکیٹنگ آفیسر عابد انور نے معاہدے پر دستخط کیے۔ تقریب میں چیئرمین پی سی بی محسن نقوی، وزیر اطلاعات عطا تارڑ، ایم ایس ایم ثمر چوہدری و دیگر نے شرکت کی۔معاہدے کے مطابق نجی بینک کے اسکولز ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام" معاہدہ ہوا ہے۔ قومی اسٹیڈیم میں مقابلوں کا انعقاد کرے گا جبکہ کرکٹ کے ڈھانچے کو مضبوط بنانے کے لیے بھی کام کرے گا۔ چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے مقابلوں کا انعقاد کرنے پر بینک کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ معاہدہ اسکولز کی سطح پر کرکٹ کے فروغ کیلئے معاون ثابت ہوگا۔ پی سی بی اور نجی بینک میں شراکت داری سے نئے اسٹارز کرکٹ کے افق پر چمکائیں گے۔ وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے اسکولز کرکٹ کو پروموٹ کرنے سے متعلق معاہدے کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ پنجاب میں پی سی بی کا اسکولز کرکٹ کو دوبارہ فعال کرنے میں نمایاں کردار قابل تحسین ہے۔



یہ بالکل نئی وکٹ تھی، نہیں پتہ ہوتا کہ وکٹ کیسی رہے گی، سری لنکن بولنگ کوچ

ہم نے بولنگ میں اپنا پلان تبدیل کیا اور جارحانہ کرکٹ کھیلی،میڈیا سے گفتگو

لاہور(دا نیوز آف ایشیا)سری لنکا کے بولنگ کوچ رویان وین ٹیگرٹ نے پاکستان کے خلاف میچ میں کامیابی پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ بالکل نئی وکٹ تھی اور آپ کو نہیں پتہ ہوتا کہ وکٹ کیسی رہے گی۔میڈیا سے گفتگو میں سری لنکن بولنگ کوچ نے کہا کہ ہماری کوشش تھی کہ لائن بولنگ پوائنٹ تم رکھ کر کریں۔انہوں نے کہا کہ چاند روشنی ابھی پلورز نے 400 رنز بنا لیے تھے۔ ہم نے بولنگ میں اپنا پلان تبدیل کیا اور جارحانہ کرکٹ کھیلی۔ان کا کہنا تھا کہ دلشان مدھوشکا کافی ایلفاظ پلیئر ہیں، گیند کو سوئنگ کرنا جانتے ہیں۔ ایشان مدشکا، اشیما فرنینڈو اور دلشان ہیوں کے کو پیسرز کرتے ہیں۔رویان وین ٹیگرٹ نے کہا کہ اس پورے ٹورنامنٹ میں ہاتھل نیتین کرکٹ کھیلی گئی۔



بچ کو اس طرح نہیں دیکھا جس طرح دیکھنے کی ضرورت تھی،مائیک اسمتھ

ہم نے اچھی کرکٹ نہیں کھیلی، ہمیں اپنے اوپر یقین ہے کہ کسی بھی صورتحال میں جیت سکتے ہیں،پاکستانی بیٹنگ کوچ

لاہور(دا نیوز آف ایشیا) پاکستان مینز کرکٹ ٹیم کے بیٹنگ کوچ مائیک اسمتھ نے سری لنکا کے خلاف ٹیسٹ سیریز پر بات کرتے ہوئے کہا ہے کہ بچ کو اس طرح نہیں دیکھا جس طرح دیکھنے کی ضرورت تھی۔میڈیا سے گفتگو میں مائیک اسمتھ نے کہا کہ ہم نے ابھی کرکٹ نہیں کھیلی،ہمیں اپنے اوپر یقین ہے کہ کسی بھی صورتحال میں جیت سکتے ہیں۔بیٹنگ کوچ نے کہا کہ اپنے بیٹرز کے ساتھ بات کریں گے کہ کیسے بھاری اننگ جائے۔انہوں نے کہا کہ فہیم اشرف ورلڈ کلاس کھلاڑی ہیں، ہمیں امید ہے کہ فاسٹ میں وہ کارکردگی دکھائیں گے۔مائیک اسمتھ نے مطابق ہم نے ابھی تک رنز نہیں کیے مگر ہمارا لوئر مڈل آرڈر اچھا پرفارم کر رہا ہے، بابر اعظم کی فارم سے متعلق انہوں نے کہا کہ باہر کا رنز نہ کرنا پریشان کن نہیں ہے،ہمیں امید ہے کہ وہ رنز کریں گے تو وہ بہت کمال کا ہوگا۔انہوں نے فاسٹ کے بارے میں بات کرتے ہوئے کہا کہ فاسٹ میں ہر ٹیم کو پریشر میں ہی اچھی کرکٹ کھیلے گی وہی فاسٹ جیتے گی۔



ایمباپے کا ماؤ زے تنگ سے متعلق متنازع بیان، چین میں لالیگا کی نشریات معطل

یہ فیصلہ سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والی ایک ویڈیو میں فرانسیسی اسٹار کے تبصروں کے بعد سامنے آیا ہے

بیجنگ (دا نیوز آف ایشیا)ریال میڈرڈ کے فرانسیسی فارورڈ کیلیان ایمباپے کے چینی رہنما ماؤ زے تنگ سے متعلق متنازع بیان کے بعد چین میں لالیگا کی نشریات معطل کردی گئی ہیں۔ اس کے علاوہ ایمباپے سے متعلق اشتہارات بھی ختم کیے جا چکے ہیں۔یہ فیصلہ سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والی ایک ویڈیو میں فرانسیسی اسٹار کے تبصروں کے بعد سامنے آیا ہے جن میں چین کے سابق رہنما ماؤ زے تنگ کا ذکر کیا گیا تھا۔چینی نشریاتی ادارے کے اس اقدام سے ملک میں ہسپانوی فٹبال لیگ کے شائقین کو مہنگے روزِ جاری بیان میں کہا گیا کہ کرنا پڑ سکتا ہے۔تاہم ابھی یہ واضح نہیں کیا گیا کہ نشریات کی معطلی کتنے عرصے تک برقرار رہے گی۔ماہرین کا اندازہ ہے کہ چین میں نشریات معطل ہونے سے لالیگا کو 2030 تک 400 ملین یورو کا نقصان ہو سکتا ہے۔



تھانہ سٹی دیپالپور ایس ایچ او حافظ محمد عباس کی ڈنگ کاروائی

ڈکیت گینگ جاوید اور ہیری اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے زخمی، دو ڈاکو فرار

دیپالپور (رشاد احمد شاد سے) تھانہ سٹی دیپالپور ایس ایچ او حافظ محمد عباس کی ڈنگ کاروائی ،اشتہاری ڈکیت گینگ کے تین افراد جاوید 38/ بی ،فالو اپ الائنگ ورکر اور کالو کرلوٹ مار کی نیت سے آئے تھے ،معلوم ہوا کہ ڈکیتی کی اطلاع پر ایس ایچ او سٹی دیپالپور حافظ محمد عباس کی سربراہی میں تھانہ سٹی دیپالپور کی پولیس پارٹی کو پھنچنے کی دیکھ کر ڈاکوؤں نے فائرنگ شروع کر دی پولیس کی جوابی کاروائی میں ڈاکو اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے زخمی ہو گئے اور دو ڈاکو فرار ہو گئے ۔ جس کی خلاف ورزی کیلئے چھاپے جاری ہیں ،اشتہاری ڈکیت گینگ کے ملزمان کی گرفتاری کیلئے مختلف اطلاع پر تھانہ سٹی دیپالپور کی پولیس ٹیمیں نے مختلف مقامات پر چھاپے مارے ہیں ،ایس ایچ او حافظ محمد عباس کی سربراہی میں پولیس ٹیم کی جوابی کاروائی میں ڈاکو اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے زخمی ہو گئے

ڈپٹی کمشنر کی زیرصدارت ضلع انتظامیہ کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا

چیف اسسٹنٹ کمشنر پرولا جواد حسین ملک اور اسسٹنٹ کمشنر سٹی سعد بن خالد نے بذریعہ ویڈیو لنک اجلاس میں شرکت کی۔



ہیڈ اسسٹنٹ کمشنر پرولا جواد حسین ملک اور اسسٹنٹ کمشنر سٹی سعد بن خالد بذریعہ ویڈیو لنک اجلاس میں شرکت کر رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر بہاولپور ڈاکٹر جاوید اختر بھٹہ کی زیر صدارت ضلع انتظامیہ کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ضلع انتظامیہ کے تمام افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے ڈپٹی کمشنر بہاولپور ڈاکٹر جاوید اختر بھٹہ نے بتایا کہ ضلع انتظامیہ کی جانب سے ماہ رمضان المبارک میں شہریوں کو سستی اشیائے خورونوش کی فراہمی کے لیے 23 رمضان المبارک سے 30 رمضان المبارک تک 8 یوٹیلٹی سٹورز پر 15 کلو آٹے کا تھیلا 1000 روپے میں فراہم کیا جائے گا۔ اس کے علاوہ 23 رمضان المبارک سے 30 رمضان المبارک تک 8 یوٹیلٹی سٹورز پر 5 کلو چینی 1000 روپے میں فراہم کی جائے گی۔ اس کے علاوہ 23 رمضان المبارک سے 30 رمضان المبارک تک 8 یوٹیلٹی سٹورز پر 1 کلو گھی 1000 روپے میں فراہم کیا جائے گا۔ اس کے علاوہ 23 رمضان المبارک سے 30 رمضان المبارک تک 8 یوٹیلٹی سٹورز پر 1 کلو دال چنا 1000 روپے میں فراہم کیا جائے گا۔ اس کے علاوہ 23 رمضان المبارک سے 30 رمضان المبارک تک 8 یوٹیلٹی سٹورز پر 1 کلو دال مسور 1000 روپے میں فراہم کیا جائے گا۔ اس کے علاوہ 23 رمضان المبارک سے 30 رمضان المبارک تک 8 یوٹیلٹی سٹورز پر 1 کلو دال ماش 1000 روپے میں فراہم کیا جائے گا۔ اس کے علاوہ 23 رمضان المبارک سے 30 رمضان المبارک تک 8 یوٹیلٹی سٹورز پر 1 کلو دال مونگ